# کنٹری انالسیسیس رپورٹ

## فروری ۲۳

دوسرا ایڈیشن



تیار کردہ

accountabilitylab PAKISTAN

# تمہید

اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان ملک میں پالیسی اقدامات اور مختلف شعبے کے مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے سماجی، سیاسی اور معاشی ترقی کے اشاریوں کا جائزہ لے رہا ہے۔ ملک میں حالیہ سیاسی غیر یقینی اور مالی بحران کے تناظر میں "کنٹری رپورٹ" میں مختلف شعبوں بشمول سکیورٹی، گورننس اور قانون کی حکمرانی میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا ہے۔ رپورٹ میں انسانی حقوق بشمول اقلیتوں، خواتین اور بچوں کے حقوق میں ہونے والی پیش رفت پر بھی توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ یہ سماجی طور پر متحد، معاشی طور پر مستحکم اور سیاسی طور پر جوابدہ پاکستان کے بارے میں شہریوں کی بیداری کو فروغ دینے کے لیے مختلف ترقیاتی اشاریوں میں پیش رفت کی جائزہ رپورٹ ہے۔

# سیاسی امور

## جیل بھرو تحریک

پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے ایک تحریک کا آغاز کیا ہے جسے "جیل بھرو تحریک "کا نام دیا گیا ہے جس میں پارٹی کے کارکنان سے کہا گیا ہے کہ وہ ملک میں لوگوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے رضاکارانہ طور پر گرفتاریاں دیں تحریک کا آغاز ملک کے مشرقی شہر لاہور سے ہوا۔ سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ٹوئٹر پر کی گئی ٹویٹس کے ذریعے پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان نے جیل بھرو تحریک کے اغراض و مقاصد بتاتے ہوئے کہا کہ یہ پاکستانیوں کے آئینی حقوق کی بحالی کے لیے پر امن احتجاج ہے۔ سماجی رابطے کے پلیٹ فارم پر انہوں نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کافی مثالیں دیں جن میں جھوٹی ایف آئی آرز اور نا قابل ضمانت مقدمات کے اندراج، زیر حراست تشدد اور صحافیوں اور عام شہریوں پر حملوں کے واقعات شامل ہیں۔ ابھی تک پنجاب کے شہر گوجرانوالہ میں پارٹی کے 70 کارکنان نے رضاکارانہ گرفتاریاں دی ہیں۔



لاہور کی سینٹرل جیل کے حکام نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ تحریک انصاف کی مرکزی قیادت کے بہت سے ارکان پنجاب کی مختلف جیلوں میں 30 دن کے لیے قید ہیں۔ یہ گرفتاریاں امن و امان کی صورتحال خراب کرنے اور پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی ٹیموں کے لیے کیے گئے حفاظتی انتظامات کو سبوتاژ کرنے کے الزامات کے تحت کی گئی ہیں

## انتخابات کی تاریخ کا اعلان

ایوانِ صدر کے میڈیا ونگ کی طرف سے ذرائع ابلاغ کو جاری کی گئی ایک خبر کے مطابق صدرِ مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے 9 اپریل کو پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کے عام انتخابات کا یکطرفہ اعلان کر دیا ہے۔

## سپریم کورٹ کا از خود نوٹس

پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد سپریم کورٹ نے انتخابات کی تاریخ کے اعلان میں تاخیر کا از خود نوٹس لے لیا۔ غیر متوقع طور پر، سپریم کورٹ کے پانچ ججوں کے پینل نے 27 فروری 2023 کو پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات کی تاریخ کے اعلان میں تاخیر سے متعلق از خود نوٹس کی سماعت دوبارہ شروع کی۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ عموماً ایسے مقدمات 9 ججز کا پینل سنتا ہے

غیر متوقع طور پر، سپریم کورٹ کے پانچ ججوں کے پینل نے 27 فروری 2023 کو پنجاب اور خیبر پختونخوا میں انتخابات کی تاریخ کے اعلان میں تاخیر سے متعلق از خود نوٹس کی سماعت دوبارہ شروع کی۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ عموماً ایسے مقدمات 9 ججز کا پینل سنتا ہے۔



# معاشی پیش رفت اور اشاریے

## کفایت شعاری مہم کے ذریعے 776 ملین ڈالر بچت کا منصوبہ

پاکستان کی معیشت بدترین صورتحال سے دوچار ہے اور اس کے حل کے لیے وزیر اعظم شہباز شریف نے کفایت شعاری مہم کے اقدامات کا نفاذ کر دیا ہے۔ کفایت شعاری اقدامات کے تحت حکومتی وزراء اپنی تنخواہیں نہیں لیں گے، پُر تعیش گاڑیوں کا استعمال ترک کریں گے، فضائی سفر اکانومی کلاس میں کریں گے جس سے حکومت کو سال میں 776 ملین ڈالرز کی بچت ہو گی۔ ان اقدامات کا نفاذ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب عالمی مالیاتی فنڈ کی طرف سے سخت جانچ پڑتال کی جا رہی ہے اور حکومت یہ اقدامات ایک ارب ڈالر کی قسط کے حصول کے لیے کر رہی ہے۔

## عالمی مالیاتی فنڈ اور پاکستان کی اقتصادی کشمکش جاری

پاکستان اس وقت سخت معاشی چیلنجز سے نبرد آزما ہے اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے مالی امداد کی اگلی قسط کے حصول کے لیے ملک کو سخت شرائط پر عمل کرنا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ ”ہمیں آئی ایم ایف کے معاہدے کے لیے سخت شرائط کو نہ چاہتے ہوئے قبول کرنا ہو گا“۔ ماضی میں بھی پاکستان نے اپنی معیشت کی بحالی کی کوششوں کے طور پر توانائی اور ضروری اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کیا۔ ایک حالیہ پیش رفت میں، پاکستان نے آئی ایم ایف کی شرائط پر عمل کرتے ہوئے اپنے موجودہ پالیسی ریٹ کو 17 فیصد سے 2 فیصد بڑھانے کا وعدہ کیا ہے۔

> ”ہمیں آئی ایم ایف کے معاہدے کے لیے سخت شرائط کو نہ چاہتے ہوئے قبول کرنا ہو گا“

پاکستان کا بیرونی مالی امداد پر انحصار کوئی نئی بات نہیں ہے کیونکہ اس ملک نے گزشتہ 75 سالوں میں 23 بار عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے امداد حاصل کی ہے جیسا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ایک سابق ڈپٹی گورنر نے ایک بار کہا تھا "ہم درحقیقت آئی ایم ایف کے سب سے وفادار صارف ہیں۔" یہ بیان کئی سالوں سے ملک کی آئی ایم ایف کی امداد پر انحصار کی کہانی بیان کرتا ہے۔

## معاشی پریشانیاں



پاکستان اس وقت شدید مالی مشکلات کا شکار ہے ہفتہ وار افراط زر کی شرح 40 فیصد سے تجاوز کر گئی ہے۔ مزید برآں، ملک کی پارلیمان نے پر تعیش اشیاء اور خدمات پر ٹیکسوں میں اضافے کی منظوری دے دی ہے اور جنرل سیلز ٹیکس 17 فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد کر دیا ہے۔

ملک کی معاشی پریشانیاں برسوں کی مالی بدانتظامی کے ساتھ ساتھ سیاسی عدم استحکام کا نتیجہ ہیں اور ان مسائل کا سب سے زیادہ اثر ملک کے عام شہریوں پر ہوتا ہے۔

> پاکستان اس وقت شدید مالی مشکلات کا شکار ہے ہفتہ وار افراط زر کی شرح 40 فیصد سے تجاوز کر گئی ہے۔

# سیکیورٹی اور امن و امان کی صورتحال

## پاکستان سپر لیگ کے میچز کے دوران کراچی پولیس ہیڈ کوارٹرز پر دہشت گرد حملہ

پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی میں پولیس ہیڈ کوارٹر پر ہونے والے ایک دہشت گرد حملے کے نتیجے میں دو پولیس جبکہ ایک رینجرز اہلکار اور ایک عام شہری جاں بحق اور 14 دیگر زخمی ہوئے۔ واقعہ میں دو خودکش حملہ آور جن میں سے ایک نے بارودی مواد سے دھماکہ کیا، مارے گئے۔ تحریک طالبان پاکستان نے حملے کی ذمہ داری قبول کرلی ہے۔ یہ واقعہ خاص طور پر اس لحاظ سے تشویشناک ہے کہ صوبائی اور وفاقی حکومتوں کے فول پروف حفاظتی اقدامات کے دعووں کے باوجود ایسے وقت میں شہر کے وسط میں پیش آیا جب پاکستان سپر لیگ کے میچز ہو رہے ہیں۔ حملے کے تین گھنٹے کے اندر عمارت کو کلیئر کر دیا گیا۔




پاکستانی حکام نے کہا ہے کہ دہشت گردی سے نمٹنے کی کوششوں کے حوالے سے پاکستان کو افغانستان نے یقین دہانیاں کروائی ہیں۔ تاہم افغان طالبان نے مطالبہ کیا ہے کہ پاکستان ان گروپوں کو غیر مسلح کرنے اور انہیں پاکستان کی سرحدوں سے دور منتقل کرنے سے متعلق اخراجات برداشت کرے۔

# سماجی شعبے کے اشاریے اور پیش رفت

## عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کا انتباہ، ہیضے کی عالمی وبا پھیلنے سے 43 ممالک میں ایک ارب افراد خطرے سے دوچار

عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) نے خبردار کیا ہے کہ عالمی سطح پر ہیضے کے کیسز میں اضافے نے پاکستان سمیت 43 ممالک میں ایک ارب افراد کی زندگیوں کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔ ڈبلیو ایچ او کی ہیضے کی ٹیم کے رہنما فلپ باربوزا کے مطابق صرف رواں ہفتے تین ممالک میں وباء پھیلنے کی اطلاع ملی ہے۔ ایک غیر متوقع اقدام کے طور پر ڈبلیو ایچ او ان وباؤں سے نمٹنے کے لیے عطیہ دہندگان سے مدد کی درخواست کر رہا ہے۔

عالمی سطح پر ہیضے کے کیسز میں اضافے نے پاکستان سمیت 43 ممالک میں ایک ارب افراد کی زندگیوں کو خطرے میں ڈال دیا ہے۔

## جڑواں شہروں میں بچوں کو غذائیت کی تعلیم کی فراہمی

ایسے وقت میں جب پاکستان میں 40 فیصد بچوں کو (غذا کی وجہ سے) نشوونما میں کمی کا سامنا ہے ایسے میں نیشنل یونیورسٹی آف میڈیکل سائنسز (نمز) نے جڑواں شہروں میں اسکول کے بچوں کو غذائیت کی تعلیم فراہم کرنے کے لیے ایک پروگرام شروع کیا ہے جس کا مقصد بیداری پیدا کرنا اور ان کی صحت کو بہتر بنانا ہے۔ محکمہ نے ان تعلیمی سیشنز کا آغاز راولپنڈی اور اسلام آباد کے مختلف اسکولوں میں کیا ہے جس کا مقصد پاکستان میں غذائیت کے حوالے سے نازک صورتحال اور نچلی سطح پر غذائیت کی تعلیم کو فروغ دینا ہے۔

# ماحول اور ماحولیاتی تبدیلی

## آئی اے ای اے کے ڈائریکٹر جنرل کا موسمیاتی تبدیلیوں میں کمی کے لیے جوہری توانائی کے پرامن استعمال کا جائزہ لینے کے لیے پاکستان کا دورہ

جوہری توانائی اس کے کم کاربن اخراج، بہتر استعداد کار، کارکردگی، محفوظ توانائی، لاگت کی کمی اور فضلہ کے انتظام میں ترقی کی وجہ سے موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں مدد کر سکتی ہے۔ انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے ڈائریکٹر جنرل رافیل ماریانو گروسی نے خوراک، زراعت اور ادویات میں جوہری توانائی کے پرامن استعمال پر تعاون کو مضبوط بنانے اور یہ جاننے کے لیے کہ کس طرح جوہری توانائی ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے میں مدد کر سکتی ہے دو روز کے لیے پاکستان کا دورہ کیا۔ اپنے دورے کے دوران انہوں نے پاکستان اٹامک انرجی کمیشن (پی اے ای سی) کے چیئرمین اور پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی (پی این آر اے) کے چیئرمین سے ملاقات کی جنہوں نے انہیں پاکستان کی نیوکلیئر سیکیورٹی اور ریگولیٹری نظام کے بارے میں بریفنگ دی۔ گروسی نے پی این آر اے میں نیشنل ریڈی ایشن ایمرجنسی کوآرڈینیشن سینٹر کا بھی افتتاح کیا، جس میں آئی اے ای اے کے معیارات اور رہنما خطوط کے مطابق سول نیوکلیئر پاور پلانٹس کے محفوظ آپریشنز میں پاکستان کے پانچ دہائیوں کے تجربے کو اجاگر کیا گیا۔

اس موقع پر گروسی نے کہا کہ



اس موقع پر گروسی نے کہا کہ کم کاربن اخراج کرنے والا ملک ہونے کے باوجود پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے غیر متناسب طور پر زیادہ متاثر ہے۔

انہوں نے جوہری سائنس اور ٹیکنالوجی میں پاکستان کی نمایاں کامیابیوں کا اعتراف کیا اور کہا کہ پاکستان نے کینسر کے علاج، فصلوں کی نشوونما اور خوراک کے تحفظ جیسے شعبوں میں ملک کی سماجی و اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

# انسانی حقوق کی صورتحال

## پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں نجی جیل اور لاشیں ملنے سے جاگیردارانہ نظام بے نقاب ہو گیا

پاکستان میں ہونے والے ایک حالیہ واقعے میں ملک کا جاگیردارانہ نظام اس وقت بے نقاب ہوا جب ایک خاتون اور دو لڑکوں کی لاشیں بلوچستان کے وزیر تعمیرات و مواصلات سردار عبدالرحمن کھیتران کے گھر کے قریب کنویں سے برآمد ہوئیں اور ان پر ایک نجی جیل چلانے کا الزام لگایا گیا۔ خاتون کے شوہر خان محمد نے دعویٰ کیا کہ کھیتران نے 2019 میں اس کی بیوی اور سات بچوں کو کھیتران اور اس کے بیٹے کے درمیان تنازعہ کے معاملے میں گواہی نہ دینے پر قید کر دیا تھا جب کہ بعد میں پولیس کو پتہ چلا کہ لاشیں خان کی بیوی یا بچوں کی نہیں تھیں، اس واقعے کے نتیجے میں صوبائی وزیر کو گرفتار کیا گیا اور لیویز کوئیک رسپانس فورس کی جانب سے کیے گئے سرچ آپریشن کے نتیجے میں خان کی اہلیہ اور دو بچوں کو بھی برآمد کر لیا گیا۔ صوبائی وزیر کو اب دس روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر بھیج دیا گیا ہے۔



## وفاقی دارالحکومت میں ملازمت تلاش کرنے میں مدد مانگنے پر خاتون سے دو افراد کی جنسی زیادتی

ایک افسوسناک واقعہ میں وفاقی دارالحکومت میں نوکری کی تلاش میں مدد لینے پر دو افراد نے بندوق کی نوک پر ایک خاتون کو زیادتی کا نشانہ بنادیا۔ ان افراد نے پہلے اسے اپنے دوست کے ذریعے نوکری کی پیشکش کی تھی اور حملہ کرنے کے لیے اسے ایک سنسان جگہ پر لے جانے سے پہلے اسے ایک مقررہ جگہ سے اٹھایا تھا۔ متاثرہ خاتون کی شکایت پر مقدمہ اسلام آباد کے تھانہ شالیمار میں درج کر لیا گیا ہے۔

# خارجہ تعلقات

## پاک بھارت تعلقات

ہندوستانی وزیر خارجہ سبھرامنیم جے شنکر نے یکم اور 2 مارچ کو نئی دہلی میں جی 20 ممالک کے وزرائے خارجہ کے اجلاس سے قبل کہا ہے کہ پاکستان کو اپنے معاشی چیلنجز کو خود ہی حل کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے ساتھ ہندوستان کے تعلقات کا پاکستان کی معیشت کے لیے درکار اہم مالی امداد پر براہ راست اثر نہیں پڑتا۔ خود کو ایک سرکردہ عالمی طاقت کے طور پر قائم کرنے کی ہندوستان کی کوششوں کے نتیجے میں دیگر عالمی طاقتوں کے ساتھ بھی مثبت تعلقات پیدا ہوئے ہیں۔

## پاک چین تعلقات

پاکستانی معیشت کی مخدوش صورتحال کے باعث چین نے پاکستان کو 700 ملین ڈالر کا قرض جاری کیا ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ پاکستان پہلے ہی چین اور چینی کمرشل بینکوں کا 30 ارب ڈالر کا مقروض ہے اور اب اس نے ایک اور قرض حاصل کر لیا ہے۔ توقع ہے کہ اس اضافی قرض سے پاکستان کے لیے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے بیل آؤٹ فنڈز کے اجراء میں آسانی ہو گی۔

## پاک افغان تعلقات

سیکیورٹی خدشات اور پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحدوں کی حالیہ بندش کو دور کرنے کی کوششوں کے سلسلے میں پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف اور خفیہ ادارے کے سربراہ لیفٹیننٹ جنرل ندیم انجم نے طالبان حکومت کے ساتھ مذاکرات کے لیے کابل کا دورہ کیا۔ ملاقات کے دوران پاکستانی وفد نے افغانستان کے قائم مقام نائب وزیر اعظم برائے اقتصادی امور ملا عبدالغنی برادر کے ساتھ اقتصادی تعاون، علاقائی روابط اور سلامتی کے امور پر تبادلہ خیال کیا یہ امور پاکستان کو گزشتہ چند ماہ سے بری طرح متاثر کر رہے ہیں۔



## پاک امریکہ تعلقات

یو ایس پاکستان ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ فریم ورک ایگریمنٹ (ٹیفا) کی کونسل کا نواں اجلاس منعقد ہوا، جس میں زرعی اور ڈیجیٹل تجارت کو بڑھانے پر توجہ دی گئی۔ اجلاس کی صدارت امریکی تجارتی نمائندہ کیتھرین تائی اور پاکستان کے وزیر تجارت سید نوید قمر نے کی۔ امریکی محکمہ خارجہ نے پاکستان کے معاشی استحکام میں مدد کے لیے دونوں ممالک کے درمیان مضبوط تجارتی تعلقات کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ چونکہ دونوں ممالک اسٹریٹجک اور دفاعی تعلقات سے آگے بڑھنا چاہتے ہیں دونوں اتحادی نئے مواقع تلاش کر رہے ہیں

